سوال

(518) غسل جنابت کرنے کے بغیر سحری کھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان میں رات کو بیوی سے ہمبستری کی، سحری کا وقت ختم ہو رہا ہے کیا نہائے بغیر سحری کھا سکتا ہوں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں نہائے بغیر سحری کھائی جا سکتی ہے۔ کیونکہ سحری کھانے کے لئے طہارت شرط نہیں ہے۔ ابو بکر بن عبدالرحمن سے روایت ہے کہ میں اور میرے والد، عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئے، تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمان کہ «اَشهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰه صَلَى اللَّه علیه و علی آلہ وسلم اِن کانَ لَیُصبِحُ جُنُباً مِن جِماعٍ غَیرِ اِحتِلَامٍ ثُمَّ یَصُومُهُ» میں گواہی دیتی ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم احتلام کے سبب سے نہیں بلکہ جماع کے سبب سے حالت جنابت میں صبح کرتے اور غسل کیے بغیر روزہ رکھتے»،

پھر ہم دونوں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور انہوں نے بھی یہی بات کی۔ صحیح البخاری، حدیث نمبر ۱۹۳۱

عائشہ رضی اللہ عنہا کے اِس بیان سے پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم جنابت کی حالت میں روزہ رکھ لیتے تھے اور یقینی بات ہے کہ نمازِ فجر سے پہلے غُسل فرما لیتے تھے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01